التجا

از جناب شعیب حزیں صاحب بی۔ اے (عثمانیہ)

سوزِ غم دیا تونے ساز بھی عطا فرما — آہِ صبحگاہی کو دلکشی عطا فرما
رازِ عظمتِ غم سے آگہی عطا فرما — لذتِ خودی دیکر بیخودی عطا فرما
بار ہیں طبیعت پر الجھنیں تمنا کی — فطرتِ محبت کو سادگی عطا فرما
نازِ عیش و نازِ غم دل سے اب نہیں اٹھتو — ان قیود سے آزاد زندگی عطا فرما
تنگ آچکا ہے دل انقلابِ پیہم سے — جو مرا مقدر ہو دائمی عطا فرما
خاکِ طور کو تونے بے طلب دیئے شعلے — کچھ شرر بقدرِ ظرف دل کو بھی عطا فرما
یہ سکونِ منزل کیا اعتبارِ منزل دے — گمرہی مجھے منظور گمرہی عطا فرما
غم دیا تو اے مالک کچھ شعورِ غم بھی دے — شوق کو بقدرِ غم ہوش بھی عطا فرما

عشرتوں کا غم دیکر تونے زندگی بخشی
غم میں بھی حزیں دل کو کچھ خوشی عطا فرما